# غزہ بھوک سے بلک رہا ہے، دنیا خاموش تماشائی بن کر نہیں رہ سکتی

## مسلم رہنماؤں کا حکومت ہند سے فوری اقدام کا مطالبہ

نئی دہلی:(یو این آئی) ملک کی سرکردہ مسلم تنظیموں اور ممتاز مذہبی رہنماؤں نے غزہ میں جاری انسانی المیے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت ہند سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ اسرائیل کی جارحیت کو روکنے کے لیے فوری اقدام کرے۔ یہ مطالبہ انہوں نے آج پریس کلب آف انڈیا میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں غزہ کی موجودہ صورتحال پر مشترکہ طور پر کیا۔ اس پریس کانفرنس سے آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ، جمعیت العلماء ہند، جماعت اسلامی ہند، مرکزی جمعیت اہل حدیث، ایس آئی او و دیگر ملی تحریکات کی قیادت اور نمائندہ مذہبی اسکالرز نے خطاب کیا۔ قائدین نے اپنے خطاب میں غزہ کی موجودہ صورت حال کوانسانی تاریخ کے بدترین ابواب میں سے ایک قرار دیا اور خبردار کیا کہ وہاں قحط ایک ہولناک بحران میں تبدیل ہو چکا ہے۔لوگ بھوک سے مر رہے ہیں۔اگر ہم اس نازک لمحے میں خاموش رہیں تو یہ تاریخ کا انتہائی سنگین اور نا قابل معافی جرم ہوگا۔میڈیا کو جاری بیان میں مزید کہا گیا کہ "اسرائیلی بمباری اور محاصرے کے باعث غزہ کا بنیادی ڈھانچہ مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے۔

20 لاکھ سے زائد شہری شدید غذائی قلت، صحت کے نظام کی تباہی اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کا سامنا کر رہے ہیں۔ 90 فیصد سے زیادہ اسپتال یا تو مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں یا نا قابلِ استعمال ہو چکے ہیں۔کئی دیہات اور محلّے مکمل طور پر صفحۂ ہستی سے مٹ چکے ہیں۔ غذائی قلت کے سبب معصوم شہری اپنی جانیں گنوار ہے ہیں۔ایندھن کی قلت اور عدم دستیابی کے باعث نوزائیدہ بچے انکیوبیٹرز میں دم توڑ رہے ہیں۔

ڈاکٹر بغیر انستھیزیا کے سرجری کرنے پر مجبور ہیں۔اس وقت غزہ میں انسانی زندگی کی تقریباً تمام بنیادی ضروریات ناپید ہو چکی ہیں اور یہ سب کسی دفاعی کارروائی کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ ایک منظم منصوبے کے تحت اسرائیل کی جانب سے غزہ کے عوام کو مکمل طور پر ختم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ پریس کانفرنس میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ہندوستان کے اس حالیہ بیان کی ستائش کی گئی، جس میں ایک آزاد فلسطینی ریاست کے قیام اور فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔رہنماؤں نے اسے ایک مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ موقف قابل تعریف ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارا ملک صرف تشویش کا اظہار نہ کرے بلکہ آگے بڑھ کر اس مسئلہ کے حل کے لیے موثر قائدانہ کردار ادا کرے۔ یقیناً ظلم کی زبانی مذمت بھی اہم ہے لیکن حالات ہم سے زیادہ موثر اور فوری عملی کاوشوں کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

وطن عزیز کے پاس ظلم کے خلاف جدو جہد کی شاندار تاریخی روایت اور سفارتی صلاحیت دونوں موجود ہے جس کا استعمال کرتے ہوئے ہم اس نسل کشی کے خلاف قائدانہ رول ادا کر سکتے ہیں۔ اس موقع پر اس بات کا بھی مطالبہ کیا گیا کہ انسانی بنیادوں پر فوری طور پر غزہ کے لیے امدادی راہداریوں کا قیام عمل میں لایا جائے اور بنیادی ضروریات کا سامان بڑے پیمانے پر ہر ایک ضرورت مند تک پہنچایا جائے۔ جب تک اسرائیلی جارحیت بند نہ ہو، ہندوستان اسرائیل کے ساتھ اپنے تمام عسکری و اسٹریٹجک تعلقات معطل کرے۔ جب ہماری آنکھوں کے سامنے فلسطینیوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے، تو ایسی صورت میں ہمارے لیے خاموش یا غیر جانبدار بنے رہنا بالکل بھی مناسب نہیں ہے۔ پریس کے ذریعہ مسلم قائدین نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ فلسطین اور غزہ کے مسئلہ کے سلسلے میں سمجھ اور حساسیت پیدا کریں۔

یہ صرف مسلمانوں کا مسئلہ نہیں بلکہ ساری انسانیت کا مسئلہ ہے۔ طلبہ، سول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں، ماہرینِ تعلیم اور باضمیر شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ غزہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں- چاہے وہ مارچ ہوں، احتجاجی جلسے ہوں، بیداری مہمات ہوں، علمی مذاکرے ہوں یا بین المذاہب پروگرام، عوام بڑے پیمانے پر اس میں شرکت کرے۔غزہ ایک ایسا مسئلہ ہے جسے نظرانداز کرنا ممکن نہیں۔ پریس کانفرنس میں یہ بھی کہا گیا کہ بعض حلقوں کی جانب سے فلسطین کے ساتھ اظہار یکجہتی کو مجرمانہ فعل کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے، جو انتہائی تشویشناک ہے۔

رہنماؤں نے زور دیا کہ فلسطین کی حمایت کوئی جرم یا انتہا پسندی نہیں بلکہ انسانی حقوق، بین الاقوامی قانون اور ہندوستانی آئین میں درج بنیادی اقدار کے عین مطابق ہے اور اس سے آگے بڑھ کر ہر باضمیر انسان کی اخلاقی و انسانی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر مسلم اکثریتی ممالک سے بھی مطالبہ کیا گیا کہ وہ اسرائیل کے ساتھ اپنے سفارتی و تجارتی تعلقات ختم کریں اور اس غیر انسانی جارحیت کے خلاف متحدہ محاذ قائم کریں۔ پریس کانفرنس کا اختتام فوری اور غیر مشروط جنگ بندی، غزہ کے محاصرہ کے خاتمے، عوام کو خوراک، پانی، ایندھن اور طبی امداد کی فراہمی اور امدادی راہداریوں کا قیام کے مطالبہ کے ساتھ ہوا۔اس موقع پر مسلم تنظیموں کا مشترکہ اعلامیہ بھی شرکاء میں تقسیم کیا گیا۔

## تلنگانہ میں ایک بار پھر ماؤنواز سرگرم، چھتیس گڑھ میں الرٹ جاری

کوٹھا گوڈیم/ بیجاپور: (یو این آئی) تلنگانہ کے بھدرادری کوٹھا گوڈیم ضلع کے چرلا منڈل میں ماؤنوازوں کی سرگرمی ایک بار پھر منظر عام پر آئی ہے۔کوٹھا گوڈیم گاؤں کے قریب مرکزی سڑک پر نکسلیوں نے بڑے بڑے بینر اور پوسٹر لگائے ہیں، جن میں 28 جولائی سے 3 اگست تک نکسل ہفتہ کو شاندار طریقے سے منانے کی اپیل کی گئی ہے۔ پوسٹروں میں اپیل کی گئی ہے کہ وہ عوامی تحریکوں کے ذریعے آپریشن کگار کو ناکام بنائیں۔ اس اقدام کو سیکورٹی ایجنسیوں نے نکسلیوں کی حوصلہ افزائی اور دیہی علاقوں میں ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش قرار دیا ہے۔ پولیس نے تمام بینر اور پوسٹر ضبط کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ واقعہ کا مقام چھتیس گڑھ سرحد سے قریب واقع ہے، اسی لیے بیجاپور، سکما اور دنتے واڑا اضلاع میں بھی سیکورٹی بڑھا دی گئی ہے۔ چھتیس گڑھ پولیس اور مرکزی فورسز نے سرحدی علاقوں میں گشت تیز کر دیا ہے۔جنگلات میں ڈرون سے نگرانی کی جا رہی ہے اور دیہاتوں میں خفیہ نیٹ ورک کو مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ چھتیس گڑھ کے ایک سینئر پولیس افسر نے یو این آئی کو بتایا کہ نکسلی اکثر نکسل ہفتے کے دوران بڑی واردات کی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور اسے انجام دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ہم کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔



مظفر پور: بہار کمیٹی کے صدر راجیش کمار رام نے ایس کے ایم سی ایچ میں اور وائی آبروریزی متاثرہ سے ملاقات کی۔

## ویشالی میں سمیک درشن میوزیم اور میموریل استوپا کا افتتاح

ویشالی:(یو این آئی) بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے کہا کہ دنیا کے 15 ممالک سے آئے ہوئے بدھ بھکشوؤں کی موجودگی میں پٹنہ سے 40 کلومیٹر دور ویشالی میں بدھ سمیک درشن میوزیم اور میموریل استوپا کا افتتاح 29 جولائی کو کیا جائے گا۔ مسٹر کمار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر یہ اطلاع دیتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ لمحہ بہار کے عوام کے لیے فخر کا باعث ہوگا۔انہوں نے اس یادگار استوپا کی تعمیر کے سلسلے میں بتایا کہ اس تعمیراتی کام کا وہ مسلسل معائنہ کر رہے ہیں تا کہ یہ اپنی انفرادیت کے ساتھ جلد مکمل ہو سکے۔ ملک کے قدیم ترین شہروں میں شمار ہونے والی ویشالی کی مقدس سرزمین پر اس عظیم الشان استوپا کو تقریباً 72 ایکڑ زمین پر راجستھان سے منگوائے گئے گلابی پتھروں سے تعمیر کیا گیا



ہے۔تعمیر کے دوران اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ پورا احاطہ اعلیٰ ماحولیاتی معیار کے مطابق ہو تا کہ یہاں آنے والے سیاحوں کو ایک خوشگوار تجربہ حاصل ہو۔ بہار ریاست میں تعمیر کی گئی اس نئے ورثے کے بدھ سمیک درشن میوزیم کم میموریل استوپا کی پہلی منزل پر بھگوان بدھ کا مقدس راکھ کلش نصب کیا گیا ہے، جو اس یادگار کا مرکزی نقطہ ہوگا۔ بھگوان بدھ کی راکھ مختلف چھ مقامات سے حاصل ہوئی تھی، جن میں ویشالی کے مڈ استوپا سے ملی باقیات سب سے مستند سمجھی جاتی ہیں۔ جن کا ذکر مشہور چینی مسافر ہیون سانگ نے بھی اپنی کتاب میں کیا ہے ۔ ہیون سانگ طویل عرصے تک ہندوستان میں بطور طالب علم، معلم اور سیاح کے طور پر مقیم رہے اور ان کا سفرنامہ اس دور کی ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم ماخذ سمجھا جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے امید ظاہر کی کہ یہ استوپا بہار کی ثقافتی میراث اور عالمی بدھ ورثے کی ایک شاندار علامت بنے گا۔ بدھ سمیک درشن میوزیم کم میموریل استوپا نہ صرف ویشالی کو عالمی بدھ نقشے پر ایک ممتاز مقام عطا کرے گا بلکہ سیاحت، ثقافت اور روزگار کے مواقع کو بھی ایک نئی سمت دے گا۔ چین، جاپان، تھائی لینڈ، کمبوڈیا، انڈونیشیا، ہانگ کانگ، برما، تبت، تائیوان جیسے ممالک میں رہنے والے بدھ مت کے پیروکاروں کے لیے ہندوستان ایک مقدس زیارت گاہ ہے اور بودھ گیا، ویشالی، سارناتھ اور کشی نگر جانے کی شدید خواہش بدھ بھکشوؤں میں دیکھی جاتی ہے ۔ ویشالی میں بنا یہ بدھ سمیک درشن میوزیم کم میموریل استوپا سیاحوں کے لیے ایک نئی توجہ کا مرکز بنے گا۔

## آوارہ کتوں کے حملوں میں اضافہ، سپریم کورٹ کا ازخود نوٹس

نئی دہلی:(یو این آئی) سپریم کورٹ نے آج ایک تشویشناک خبر پر ازخود نوٹس لیا جس میں شہری اور نیم شہری علاقوں میں آوارہ کتوں کے حملوں میں تیزی سے اضافے کو اجاگر کیا گیا ہے ۔ ان حملوں کے نتیجے میں متعدد ہلاکتیں ہو چکی ہیں، خاص طور پر کم سن بچوں اور بزرگوں کی۔جسٹس جے بی پاردیوالا کی سربراہی میں بینچ نے رپورٹ میں پیش کیے گئے خطرناک اور پریشان کن حقائق پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔



رپورٹ میں حالیہ مہلک کتے کے کاٹنے کے واقعات اور ریبیز سے ہونے والی اموات کی تفصیل بیان کی گئی ہے ۔جسٹس پاردیوالا نے عوامی صحت کے بڑھتے ہوئے خطرات کا نوٹس لیتے ہوئے عدالتی مداخلت کی فوری ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ معاشرے کے کمزور طبقات جیسے شیر خوار اور بزرگ شہری سب سے زیادہ خطرے میں ہیں۔اس کے جواب میں عدالت نے رجسٹری کو ہدایت دی کہ وہ اس معاملے کو ازخود نوٹس کے تحت دائر رٹ پٹیشن کے طور پر درج کرے اور اس خبر کے ساتھ معاملہ چیف جسٹس آف انڈیا کے سامنے مزید ہدایات اور مناسب احکامات کے لیے پیش کرے۔

## جے شنکر نے جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا

نئی دہلی:(یو این آئی) وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے پیر کو ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران جنوبی کوریا کے نومنتخب وزیر خارجہ چو ہیون کے ساتھ باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ مسٹر چو ہیون کو گزشتہ ہفتے ہی کوریا کا نیا وزیر خارجہ مقرر کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ "جمہوریہ کوریا کے وزیر خارجہ چو ہیون سے آج صبح بات کرنا اچھا لگا۔ میں نے ان کے کامیاب دور کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ہمارے دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ "جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ نے سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ بھی کہا کہ انہوں نے پہلی بار ہندوستانی وزیر خارجہ سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ "میں نے جی 7 سربراہی اجلاس اور خصوصی ایلچی کے دورے کے دوران ظاہر کیے گئے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ ہم نے اعلیٰ سطح کے تبادلوں اور عملی تعاون کو بڑھانے پر اتفاق کیا۔ "مسٹر چو ہیون سابق صدر مون جے ان کے دور میں نائب وزیر خارجہ رہ چکے ہیں اور 2019 سے 2022 تک اقوام متحدہ میں جنوبی کوریا کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان یہ بات چیت جنوبی کوریا کے صدر لی جائے میونگ کے خصوصی ایلچی کے ایک وفد کے ہندوستان کے دورے کے چند دن بعد ہوئی ہے ۔ وفد کی قیادت سابق وزیر اعظم کم بو کوم کر رہے تھے۔ خصوصی ایلچی نے وزیر اعظم مودی سے ملاقات کی اور دہلی میں وزیر خارجہ سے بھی ملاقات کی۔اس وقت دونوں فریقوں نے اقتصادی، تکنیکی، دفاعی اور سمندری شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ ملاقات 17 جون کو کینیڈا میں جی۔ 7 سربراہی اجلاس کے دوران وزیر اعظم مودی اور جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ کے درمیان ملاقات کے بعد ہوئی تھی۔



روہتک: ڈی پی او دفتر کیمپس میں نامعلوم شخص کی لاش ملنے سے سنسنی پھیل گئی، پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔

## ممتا نے 'زبان کی بنیاد پر بنگالیوں کو نشانہ بنانے' کے خلاف ریلی کی قیادت کی

بولپور:(یو این آئی) ترنمول کانگریس کی سپریمو اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے پیر کو یہاں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے زیر اقتدار ریاستوں میں مہاجر بنگالی بولنے والوں کو 'زبان کی بنیاد پر نشانہ بنانے' کے خلاف ایک ریلی کی قیادت کی۔محترمہ بنرجی نے شاعر رابندر ناتھ ٹیگور کے کام کی جگہ شانتی نکیتن سے ریلی کا آغاز کیا۔ریاست کے سینئر وزیر فرہاد حکیم اور بول پور کے ایم پی شتابدی رائے سمیت سینکڑوں لوگ وزیر اعلیٰ کے ساتھ ٹیگور کی تصویر لے کر ریلی میں شامل ہوئے ۔ وزیر اعلیٰ نے بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں پر 'زبان کی بنیاد پر بنگالی بولنے والوں کو نشانہ بنانے' کا الزام لگایا۔اس نے سوشل میڈیا پر ایک مبینہ ویڈیو کلپ بھی پوسٹ کیا، جس میں دہلی پولیس اہلکار مبینہ طور پر ایک بچے اور اس کی ماں کو مار رہے ہیں۔ان کے مطابق یہ دونوں مغربی بنگال کے مالدہ میں چنچل کے ایک مہاجر خاندان کے رکن ہیں۔ انہوں نے




کہا کہ "ناگوار، خوفناک۔ دیکھیں کہ کس طرح دہلی پولیس نے مالدہ میں چنچل کے ایک مہاجر خاندان کے ایک بچے اور اس کی ماں کو بے دردی سے مارا پیٹا۔ دیکھیں کہ کس طرح ایک بچہ بھی ملک میں بنگالیوں کے خلاف بی جے پی کی طرف سے شروع کی گئی زبان کی دہشت گردی میں تشدد کی بربریت سے بچ نہیں پا رہا ہے۔ "وزیر اعلیٰ نے 21 جولائی کو کولکتہ میں شاہد دیوس ریلی کے دوران بیر بھوم سے زبان کی تحریک کو دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ 2026 کے اسمبلی انتخابات تک ریاست بھر میں جاری رہے گی۔

## لوگوں میں تحفظ کا احساس پیدا کرانا ضروری ہے: پرنائک

ایٹا نگر:(یو این آئی) اروناچل پردیش کے گورنر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) کے ٹی پرنائک نے لوگوں، خاص طور پر معاشرے کے کمزور طبقات میں تحفظ کا احساس پیدا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے پر زور دیا ہے۔ مسٹر پرنائک نے کہا کہ سیکورٹی فورسز بالخصوص ریاستی پولیس کو لوگوں تک پہنچنا اور ان کی بھلائی کا خیال رکھنا ہے۔انہوں نے یہ بات ریاستی وزیر داخلہ ماما ناتنگ سے ملاقات کے دوران کہی۔ مسٹر ناتنگ نے آج گورنر ہاؤس میں ان سے ملاقات کی اور ریاست میں امن و قانون کے اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔بات چیت خاص طور پر تیرپ، چانگ لانگ اور لونگڈنگ (ٹی سی ایل) اضلاع میں چیلنجوں پر مرکوز تھی۔گورنر نے بات چیت کے دوران تمام شہریوں بالخصوص دور دراز علاقوں میں رہنے والے کمزور کمیونٹیز کے درمیان تحفظ کے احساس کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ "ریاستی پولیس اور دیگر سیکورٹی فورسز کو فعال طور پر ان کمیونٹیز تک پہنچنا چاہیے اور ان کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنانا چاہیے۔ "انہوں نے 26 جولائی کو نمسائی میں ان کی صدارت میں منعقدہ سیکورٹی جائزہ اجلاس کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر داخلہ کے ساتھ اپنے مشاہدات شیئر کیے ۔ انہوں نے کہا کہ ایسے علاقوں میں انتظامیہ کو سیکورٹی سے آگے بڑھ کر طویل مدتی سماجی و اقتصادی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے جامع ترقی پر توجہ دینی چاہئے۔

## منی پور میں انتہا پسند گرفتار، منشیات اور شراب ضبط

امپھال:(یو این آئی) منی پور پولس اور سکیورٹی فورسز نے کل خصوصی مہم چلائی، جس کے نتیجے میں متعدد اہم گرفتاریاں اور بڑی مقدار میں منشیات اور شراب ضبط کی گئی۔ پولس نے بتایا کہ 22 جولائی کو ضلع چورا چاند پور کے سوانگدوہ گاؤں میں ایک مکان سے منشیات برآمد کی تھی، پولس نے اسی مقام کی دوبارہ تلاشی لی، جہاں سے ایک بیگ میں 39,33,300 روپے نقد برآمد ہوئے۔شبہ ہے کہ اس رقم کا تعلق منشیات کی ضبطی سے ہے۔فی الحال معاملے کی تفتیش جاری ہے۔ دوسری کارروائی میں سکیورٹی فورسز نے ضلع تھوبل کے کھونگ جوم تھانے کے تحت ٹیلتھا کھنو بازار کے علاقے سے کالعدم انتہا پسند گروپ کے ایک سرگرم رکن کو گرفتار کیا۔ گرفتار انتہا پسند مبینہ طور پر خطے میں بھتہ خوری، ڈرانے دھمکانے اور اغوا جیسی وارداتوں میں ملوث تھا۔اس کے پاس سے موبائل ہینڈ سیٹ ضبط کیا گیا ہے ۔ضلع مشرقی امپھال کے مختلف مقامات سے ممنوعہ گروہ کے تین سرگرم انتہا پسندوں کو گرفتار کیا گیا، ان میں سے دو کو ہوئی ڈروم گاؤں میں اس وقت حراست میں لیا گیا، جب وہ مبینہ طور پر وصولی کرنے کے لیے اینٹ کے بھٹے کی جانب جا رہا تھا۔ پوچھ گچھ کی بنیاد پر بعد میں ان کے تیسرے ساتھی کو کیرانگ مانگ لیکائی سے گرفتار کیا گیا۔ ان سے برآمد ہونے والی اشیاء میں ایک اسکوٹر، دو موبائل فون، ایک پرس جس میں 700 روپے تھے اور تین شناختی کارڈ شامل ہیں۔ امپھال ایسٹ میں علاحدہ کارروائی میں، ممنوعہ گروہ کے دوسرے رکن کو اس کے رہائشی علاقے سے گرفتار کیا گیا۔ انسداد اسمگلنگ آپریشن میں پولس نے ہین گانگ تھانے کے تحت منتری پوکھری علاقے سے بھی دو افراد کو گرفتار کیا، ان کے قبضے سے مختلف برانڈز پر مشتمل غیر ملکی شراب (آئی ایم ایف) کی کل 16,073 بوتلیں برآمد کی گئیں، ایک تخمینے کے مطابق ضبط شدہ شراب کی مارکیٹ میں قیمت 55 لاکھ روپے ہے۔

## کھادی مراکز کے ذریعہ خواتین خود کفیل بن رہی ہیں

پٹنہ:(یو این آئی) بہار کی دیہی خواتین کھادی تربیتی مراکز کے ذریعہ خود کفیل بن رہی ہیں۔ ریاستی حکومت کی اسکیمیں ان خواتین کو نہ صرف معاشی طاقت فراہم کر رہی ہیں بلکہ انہیں اعتماد اور سماجی احترام بھی فراہم کر رہی ہیں۔ریاست بھر میں کام کرنے والے کھادی اداروں اور تربیتی مراکز میں خواتین کو سلائی، کڑھائی، بنائی، دیہی صنعت اور گھریلو مصنوعات کی تیاری جیسے شعبوں میں جدید تکنیکی تربیت دی جا رہی ہے ۔ ان تربیتی پروگراموں میں اگربتی، صابن اور ڈٹرجنٹ پاؤڈر کی تیاری جیسی سرگرمیاں بھی شامل کی گئی ہیں۔ تربیت کا دورانیہ کام کی نوعیت کے مطابق مقرر کیا گیا ہے، سلائی اور بنائی کے لیے تین ماہ جبکہ اگربتیوں اور صابن کی تیاری کے لیے ایک ماہ کی تربیت دی جا رہی ہے ۔ یہ تربیت صرف تکنیکی علم تک محدود نہیں ہے ۔ خواتین کو کپڑے کے انتخاب، ڈیزائننگ اور مارکیٹ کے رجحانات کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی جاتی ہیں تا کہ وہ مسابقتی ماحول میں اپنی مصنوعات کو بہتر انداز میں پیش کر سکیں۔ سال 25-2024 میں ریاست بھر میں 59 تربیتی پروگرام منعقد کیے گئے جن میں 950 خواتین اور 550 مردوں نے فائدہ اٹھایا۔

تربیت مکمل کرنے کے بعد بہت سی خواتین کھادی اداروں میں شامل ہو کر باقاعدہ آمدنی حاصل کر رہی ہیں، جب کہ دیگر کئی خواتین نے اپنا کاروبار شروع کر رکھا ہے۔ بہار کے وزیر صنعت نتیش مشرا نے کہا کہ آنے والے وقت میں تمام ڈویژنوں میں کھادی مال قائم کیے جائیں گے جو ان مصنوعات کے لیے ایک بڑی مارکیٹ ہوں گے ۔اس کے ساتھ مقامی مصنوعات کو ای کامرس سے جوڑ کر ایک بڑا آن لائن بازار دستیاب ہوگا۔انہوں نے کہا کہ کھادی فارفیشن، کھادی فارنیشن اور کھادی فار ٹرانسفارمیشن کے اصول پر کھادی اور دیہی صنعت کا دیہی معیشت کو مضبوطی فراہم کرنے میں اہم کردار ہوگا۔



اندور: چندن نگر تھانہ حلقے میں تو بیا ہتا پائل کو جلانے کے معاملے میں مائکے والوں نے پولیس پر جانب داری کا الزام عائد کر کے تھانے میں ہنگامہ کیا۔

## شراب اسکینڈل میں ایکسائز کے 22 افسران کی درخواست ضمانت مسترد، گرفتاری کسی بھی وقت ممکن

رائے پور:(یو این آئی) چھتیس گڑھ میں شراب گھپلہ میں اس وقت نیا موڑ آ گیا جب اس معاملے میں معطلی کا سامنا کرنے والے مجموعی 22 ایکسائز افسران نے پیشگی ضمانت کی درخواست کو رائے پور کی خصوصی عدالت نے مسترد کر دیا۔اب ان 22 معطل افسران کی کسی بھی وقت گرفتاری ممکن بتائی جا رہی ہے ۔واضح رہے کہ ریاست میں 3200 کروڑ روپے کا شراب گھپلہ ہوا ہے، جس کی تحقیقات جاری ہے ۔ اس معاملے میں کئی لیڈروں کو گرفتار بھی کیا گیا ہے ۔واضح رہے کہ اس معاملے میں ای او ڈبلیو نے 2300 صفحات پر مشتمل چالان پیش کیا تھا، جس میں اس گھپلے میں ان افسران کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا تھا۔قابل ذکر ہے کہ یہ گھپلہ 2019 سے 2023 کے درمیان کا ہے، جب محکمہ ایکسائز کے اہلکاروں نے مبینہ طور پر انور ڈھیبر کے سنڈیکیٹ کے ساتھ مل کر غیر قانونی شراب کی فروخت کرنے کی سازش رچی تھی۔ تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی کہ سرکاری دکانوں میں بغیر ڈیوٹی شراب فروخت کی جاتی تھی جس سے ریاست کو بھاری ریونیو کا نقصان ہوا ہے۔ای او ڈبلیو چارج شیٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ اس گھپلے سے 88 کروڑ روپے کی غیر قانونی جائیداد حاصل کی گئی تھی۔ انور ڈھیبر کو اس ریکیٹ کا ماسٹر مائنڈ بتایا جا رہا ہے، جس نے 90 کروڑ روپے کی کمیشن حاصل کی تھی۔ رائے پور کے رہائشی سماجی کارکن سنجے راٹھور نے اس گھپلے کو حکمران لیڈروں اور عہدیداروں کی ملی بھگت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے اور قصورواروں کو سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ کانگریس لیڈر اور سابق وزیر کاواسی لکھما اور سابق آئی اے ایس انل ٹوٹیجا جیسے بڑے نام بھی اس میں ملوث بتائے جا رہے ہیں۔ ای او ڈبلیو اور ای ڈی کی تحقیقات سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ 2017 میں بدلی گئی ایکسائز پالیسی نے اس گھپلے کا راستہ آسان بنا دیا۔

## آسام کے وزیر اعلیٰ کی وزیر اعظم مودی سے ملاقات

نئی دہلی:(یو این آئی) آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے آج یہاں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی اور انہیں سماجی و اقتصادی اشاریوں میں آسام کی پیش رفت اور بڑی فلاحی اسکیموں پر تقریباً سو فیصد عمل درآمد کے بارے میں بتایا۔ وزیر اعظم کے دفتر نے ایکس پر پوسٹ میں کہا کہ "آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا نے وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔" آسام کے وزیر اعلیٰ نے ایکس پر کہا "آج نئی دہلی میں وزیر اعظم نریندر مودی جی سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ انہیں سماجی و اقتصادی اشاریوں میں آسام کی نمایاں پیش رفت اور بڑی فلاحی اسکیموں پر تقریباً سو فیصد عمل درآمد کے بارے میں بتایا۔" وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آسام کے لوگوں کی جانب سے، انہوں نے 8 ستمبر کو وزیر اعظم کا استقبال کرنے کی توقع ظاہر کی۔انہوں نے کہا، "یہ لمحہ ہماری ریاست کے ترقیاتی سفر میں ایک اور سنگ میل ہوگا۔" وزیر اعظم کچھ سرکاری پروگراموں میں شرکت کے لیے 8 ستمبر کو آسام کا دورہ کریں گے۔

